PUNJAB
Education Foundation

حوالہ نمبر: PEF/CIR/EVS/2023/83

تاریخ: 31 جولائی 2023

محترم ای وی ایس پارٹنرز/سکول مالکان،

عنوان: **ای وی ایس پروگرام کے تحت ای-واؤچر کارڈ (E-Vouchers) کا اجراء**

السلام علیکم!

جیسا کہ آپ کے علم میں ہے کہ ای وی ایس پروگرام کے تحت ای وی ایس سکول مالکان کی طرف سے نئے داخل کئے گئے طلباء کی نادرا سے تصدیق کی جاتی ہے بعد ازاں پیف انفارمیشن ٹیکنالوجی (آئی ٹی) ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے نادرا سے تصدیق شدہ طلباء کو واؤچر نمبر جاری کئے جاتے ہیں۔ جس کے بعد چھاپہ خانہ (پرنٹنگ پریس) کے ذریعے واؤچر کارڈ شائع (پرنٹ) کئے جاتے ہیں۔ اور سکولوں کو بچوں کی سکول میں موجودگی کی تصدیق/جانچ پڑتال کے بعد واؤچر کارڈ تقسیم کئے جاتے ہیں۔ واؤچر کارڈ تقسیم ہونے کے بعد طلباء کو سٹوڈنٹ انفارمیشن سسٹم (سس) (Students Information System-SIS) میں بطور ای وی ایس طالبعلم شامل کر دیا جاتا ہے اور تصدیق شدہ بچوں کو ماہانہ رقم کی ادائیگی میں شامل کیا جاتا ہے۔ اس تمام عمل میں کم سے کم تین سے چار ماہ کا عرصہ درکار ہوتا ہے۔ جو کہ غیر متوقع حالات میں زیادہ بھی ہو سکتا ہے۔

اس سلسلے میں سکول مالکان کو ماہانہ رقم کی ادائیگی میں تاخیر کی وجہ سے درپیش مسائل کو دیکھتے ہوئے اور دورِ حاضر میں انفارمیشن ٹیکنالوجی کے بڑھتے ہوئے کردار کو مدِ نظر رکھتے ہوئے پیف انتظامیہ نے ای-واؤچر (E-Voucher) کا ایجنڈا پیف بورڈ آف ڈائریکٹرز کی حالیہ چُراسیویں اجلاس (84th Meeting) میں پیش کیا۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے نہ صرف اس ایجنڈا کو منظور کیا بلکہ پیف انتظامیہ کی اس کاوش کو بھی سراہا جس سے ہر سال لاکھوں روپے اور وقت کی بچت کے ساتھ ساتھ ای وی ایس پارٹنرز کو رقم کی منتقلی بھی جلد از جلد ہو سکے گی۔ اس تاریخی اور انقلابی قدم کے تحت ای وی ایس ڈیپارٹمنٹ واؤچر کارڈ کی جگہ ای-واؤچر کا نظام متعارف کروانے جا رہا ہے۔ اس نظام کے تحت ای وی ایس پارٹنر سکولوں کے نامزد کئے گئے بچوں کو نادرا اور سکول میں موجودگی کی تصدیق/جانچ پڑتال کے بعد پیف آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے سکول کے سس (SIS) اکاؤنٹ میں ای-واؤچر جاری کر کے بچوں کو سس (SIS) میں بطور ای وی ایس طالبعلم شامل کر دیا جائے گا اور فوری طور پر تصدیق شدہ بچوں کو ماہانہ رقم کی ادائیگی میں شامل کر لیا جائے گا۔

اس سلسلے میں مزید مطلع کیا جاتا ہے کہ سکول مالکان، والدین، اور بچوں کی سہولت کے لئے ای-واؤچر کا پروگرام بنا دیا گیا ہے جس کے تحت "**ب-فارم نمبر**" کے ذریعے تصدیق شدہ بچوں کے ای-واؤچر تک رسائی حاصل کی جا سکتی ہے اور ای-واؤچر پرنٹ کیا جا سکتا ہے۔ **سکول مالک ای-واؤچر کا پرنٹ بچوں/والدین کو فراہم کرنے کا پابند ہو گا۔ اس سلسلے میں مزید معلومات/ہدایات بذریعہ سرکلر فراہم کی جاتی رہیں گی۔**

نوٹ: ای-واؤچر کا نمونہ اس سرکلر کے ساتھ لف ہے۔

خیر اندیش

ڈپٹی مینجنگ ڈائریکٹر (آپریشنز)

Head Office
52-L, Gulberg III, Near Kalma Chowk,
Lahore. Ph: 042-99232791 - 98

Regional Office Rawalpindi
H # 3, Main Road, Near Car Chowk,
Phase 6 Gulraiz Colony Rawalpindi
Ph: 051-9330273

Regional Office Multan
25/G, Shah Rukne Alam Colony,
Multan. Ph: 061-6780043

Print

Punjab Education Foundation

EDUCATION VOUCHER SCHEME

ARMAN ALI

Scan me!

Voucher No:	KWL-KWL-03-18-3606-01-01
Voucher Issuance Date:	13-Apr-2018
Student DOB:	01-Apr-2010
Student B-Form:	36103 8054529 3
Student Class:	6
Parent/Guardian Name:	AHMAD ALI
Parent/Guardian CNIC:	36103-6820874-7
Parent/Guardian Contact:	3130697734

ہدایات برائے والدین

- یہ کارڈ واؤچر والے بچے اور اس کے والدین کو جاری کیا گیا ہے۔
- والدین واؤچر والے بچے کی کسی بھی مد میں کوئی رقم سکول کو ادا نہیں کریں گے اور سکول کے قواعد وضوابط کی مکمل پابندی کریں گے۔
- واؤچر کارڈ ہولڈر بچہ کسی بھی EVS سکول میں مفت تعلیم حاصل کرسکتا ہے۔
- بچوں کو صرف تعلیمی سال کے آغاز میں سکول تبدیل کرنے کی اجازت ہے۔
- یہ کارڈ کسی بھی بنک / ATM کے لیے کار آمد نہیں ہے۔

ہدایات برائے سکول انتظامیہ

- EVS پارٹنر سکولز واؤچر کارڈ والے بچے کو مفت تعلیم فراہم کریں گے اور اس سے کسی بھی مد میں کوئی بھی رقم وصول نہیں کی جائے گی۔
- سکول کے لیے لازم ہے کہ وہ داخلہ کے وقت اصل واؤچر کارڈ والدین کو واپس کرے اور کارڈ کی کاپی سکول ریکارڈ میں رکھے۔
- بچے کے سکول چھوڑنے یا تبدیل کرنے کی صورت میں سکول انتظامیہ پر لازم ہے کہ وہ فوراً بچے کو SIS اور ریکارڈ سے خارج کرے۔
- بچہ داخل کرنے کی صورت میں سکول انتظامیہ فوراً اس بچے کو سکول کے SIS میں منسلک / اپڈیٹ کرے۔
- واؤچر کارڈ کے غلط استعمال کی صورت میں پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن متعلقہ سکول کے خلاف تادیبی کاروائی کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔
- پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے مروجہ قوانین اور قواعد وضوابط لاگو ہیں۔
- گمشدہ کارڈ ملنے کی صورت میں کارڈ پر موجود والدین کے نمبر پر اطلاع دیں یا متعلقہ کارڈ پوسٹ بکس نمبر **2427** لاہور پر ارسال کریں۔

042-99233195-96 فون نمبر **PEF**